## اشتہار نیلام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈی آئی خان فارسٹ ڈویژن کے حدود میں چشمہ روڈ دونوں جانب روڈ کنارے اور ظفر آباد سے بائی پاس روڈ دونوں جانب موجود استادہ درختاں [1735 عدد] مختلف اقسام جنکی تفصیل ذیل میں دی گئی ہیں کو مورخہ 20/07/2026 بروز سوموار بوقت 11 بجے دن بمقام سب ڈویژن آفس ڈی آئی خان میں نیلام کیے جائیں گے۔

| | نام سب ڈویژن | بمقام | لاٹ نمبر | قسم | طرف | تعداد درختاں | سٹینڈنگ والیوم (Cft) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈی آئی خان فارسٹ سب ڈویژن | سب ڈویژن آفس ڈی آئی خان | 01 | کیکر | دونوں جانب [ظفر آباد تا ڈی آئی خان بائی پاس روڈ] | 62عدد | 2279.7 |
| | | | 02 | یوکلپٹس | دونوں جانب [ظفر آباد تا ڈی آئی خان بائی پاس روڈ] | 27عدد | 1933.5 |
| | | | | فراش | | 01عدد | 44.30 |
| | | | | جھنڈ | | 01عدد | 112.46 |
| | | | | | | ٹوٹل:29 | 2090.26 |
| | | | | | | سب ٹوٹل:91عدد | 4369.96 |
| 2 | پہاڑ پور فارسٹ سب ڈویژن | | 03 | کیکر | دائیں جانب [شیخ یوسف آڈہ تا مندرہ برج] | 430عدد | 3860.97 |
| | | | 04 | یوکلپٹس | دائیں جانب [شیخ یوسف آڈہ تا مندرہ برج] | 209عدد | 2992.37 |
| | | | 05 | کونوکارپس | دونوں جانب [شیخ یوسف آڈہ تا مندرہ برج] | 307عدد | 1546.69 |
| | | | | بیر | | 13عدد | 95.45 |
| | | | | بکائن | | 05عدد | 88.70 |
| | | | | پاپولر | | 02عدد | 10.00 |
| | | | | توت | | 07عدد | 35.10 |
| | | | | سرس | | 02عدد | 18.20 |
| | | | | | | 336عدد | 1794.14 |
| | | | 06 | کیکر | بائیں جانب [شیخ یوسف آڈہ تا مندرہ برج] | 135عدد | 1308.40 |
| | | | 07 | یوکلپٹس | بائیں جانب [شیخ یوسف آڈہ تا مندرہ برج] | 322عدد | 4856.99 |
| | | | 08 | شیشم | دائیں جانب [شیخ یوسف آڈہ تا مندرہ برج] | 12عدد | 113.30 |
| | | | 09 | کیکر | دونوں جانب [مندرہ برج تا مندرہ پمپ] | 132عدد | 822.20 |
| | | | 10 | یوکلپٹس | دونوں جانب [مندرہ برج تا مندرہ پمپ] | 68عدد | 431.35 |
| | | | | | | سب ٹوٹل:1644عدد | 16179.72 |
| | | | | | کل تعداد درختاں [1+2] | 1735 | 20549.68 |

**شرائط نیلامی:**

1۔ ہر بولی دہندہ سکیورٹی کی رقم مبلغ -/150000 روپے بصورت کال ڈیپازٹ بولی شروع ہونے سے قبل زیر دستخطی کے پاس جمع کرائے گا۔ جو کہ بولی مکمل ہونے پر قابل واپسی ہوگی۔ ہر بولی دہندہ اپنے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی زیر دستخطی کو فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔

2۔ استادہ درختاں کے سٹینڈنگ والیوم کیلئے فی مکعب فٹ کے حساب سے بولی دینا ہوگا۔ بولی ہر لاٹ کی الگ ہوگی۔

3۔ زیادہ بولی دہندہ کو کل رقم کا چوتھائی حصہ موقع پر ادا کرنا ہوگا بصورت دیگر کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کی جائیگی۔

4۔ہر بولی دہندہ کو چاہئے کہ بولی دینے سے پہلے ایستادہ درختاں موقع پر دیکھ کر تسلی کر لیں بعد میں کسی قسم کی شکایت یا عذر بابت والیوم و قسم درختاں وغیرہ قبول نہ ہوگی۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ منظوری حاصل کرنے کے 21یوم کے اندر اندر معاہدہ پر دستخط کر کے اور باقی ماندہ رقم داخل خزانہ کرا کے درختاں کی کٹائی کا کام مکمل کرنے اور جملہ شرائط نیلامی کی مکمل پاسداری کرنے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر پہلے سے وصول شدہ 1/4 بشکل ضمانت بحق سرکار ضبط کی جائے گی۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ کیلئے ضروری ہے کہ تمام مال بعد از منظوری نیلام مقررہ معیاد کے اندر اندر اٹھائے بصورت دیگر کل رقم کا ایک فیصد برائے توسیع میعاد ادا کرنا ہوگا۔

7۔ تمام نیلام شدہ کھڑے درختاں کی کٹائی وغیرہ بمطابق مارکنگ لسٹ کامیاب بولی دہندہ اپنے خرچ پر کریگا۔اور محکمہ جنگلات کے اہلکار کٹائی وغیرہ ریکارڈ موقع پر تیار کرے گا۔

8۔کامیاب بولی دہندہ تمام مروجہ ٹیکسز اور فارسٹ ڈیوٹی، ایف ڈی ایف وغیرہ حکومت کے مقرر کردہ نرخوں کے مطابق محکمہ جنگلات اور دیگر محکموں کو ادا کرنے کا پابند ہوگا۔اور مروجہ فارسٹ ڈیوٹی یا دیگر ٹیکسز میں حکومت کی طرف سے ردوبدل یا مزید اجرائے ٹیکس کا اطلاق کامیاب بولی دہندہ پر لازمی ہوگا۔

9۔دوران کٹائی وڈھلائی درختاں کسی بھی سرکاری وغیر سرکاری املاک کو نقصان کی صورت میں ٹھیکدار خود ذمہ دار ہوگا۔

10۔بولی کے دوران اسلحہ لانا سخت منع ہے۔دوران نیلامی دنگا فساد یا شرارت اور سرکاری کام میں مداخلت کرنے والے شخص کو بلیک لسٹ کرنے کے علاوہ حوالہ پولیس کیا جائے گا۔

11۔آفسر مجاز کو یہ اختیار حاصل ہے کہ کسی بھی بولی کو وجہ بتا کر مسترد کر دے۔

12۔مزید تفصیلات بابت لاٹ وارہ شرائط نیلامی وغیرہ کسی بھی دن بدوران دفتری اوقات کار زیر دستخطی کے دفتر میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

ڈویژنل فارسٹ آفیسر ڈیرہ اسماعیل خان
فارسٹ ڈویژن ڈیرہ اسماعیل خان
فون نمبر: 0966-9280181